
# ریڈی نیویارک

## ہیریکین طوفان اور نیو یارک شہر



NYC Emergency Management
Bill de Blasio میئر
Joseph J. Esposito کمشنر

2015 Edition, Urdu



حالیہ ساحلی طوفان آئرین اور سینڈی یہ دکھاتے ہیں کہ ہری کین کتنے بڑے نقصان اور تباہی سے نیو یارک شہر کو دوچار کرسکتے ہیں۔

طوفان کے آنے سے پہلے اپنے خاندان اور گھر کو محفوظ رکھنے میں مدد کے لئے ایک منصوبہ بنائیں. یہ جاننے کے لئے آگے پڑھئیے کہ آپ اس کی تیاری کیسے کر سکتے ہیں۔

# ہیریکین کے بارے میں بنیادی باتیں

## اصطلاحات جو آپ کو معلوم ہونی چاہئیے

**ہیریکین سیزن**
یکم جون سے 30 نومبر تک (تاریخی اعتبار سے، نیو یارک شہر میں ہری کین آنے کا سب سے زیادہ امکان اگست سے اکتوبر تک ہوتا ہے)۔

**ٹراپکل سائکلون**
بادلوں اور برق و باراں کے طوفانوں کا ایک منظم، گردشی، کم دباؤ والا موسمی نظام جو منطقہ حارہ کے علاقوں میں بنتا ہے۔

**ٹراپکل اسٹورم**
39-73 میل فی گھنٹہ متواتر تیز ہواؤں کا ایک گرم بگولا

**ہیریکین**
74 میل فی گھنٹہ یا اس سے زیادہ متواتر تیز ہواؤں کا ایک گرم بگولا۔

**ہیریکین واچ**
کسی مخصوص علاقے میں ہیریکین والے حالات ممکن ہوں اس کے بارے میں اعلان۔ ہواؤں کی طوفانی قوت کی پیشین گوئی 48 گھنٹے پہلے جاری کی جاتی ہے۔

**ہیریکین وارننگ**
ہیریکین کے حالات کسی مخصوص علاقے کے اندر پیدا ہونے کا امکان ہے اس کے بارے میں اعلان۔ ہواؤں کے طوفانی قوت اختیار کرنے کے امکان سے 36 گھنٹے پہلے وارننگ جاری کیا جاتا ہے اور جب تک پانی اور لہریں خطرے کی اونچی سطح تک رہتی ہیں وارننگ جاری رہ سکتی ہے۔

## خطرات کو جانیں

**اسٹورم سرج**
یہ ہیریکین کی وجہ سے ہونے والی سب سے زیادہ اموات کی ذمہ دار، سمندری پانی کی ایک گنبد نما طوفانی موج ہے جسے ہیریکین کی لہریں ساحل پر پھینک دیتی ہیں۔ ایک بڑا ہری کین 30 فٹ سے زیادہ سمندری طوفانی موج کو (تین منزلہ عمارت کی اونچائی تک) نیو یارک شہر کے کچھ علاقوں میں پھینک سکتا ہے اور طوفانی موج ساحل سے کئی میل دور تک چل سکتی ہے۔ طوفانی موجیں اور لہروں کے بڑے تھپیڑے جان کو خطرے میں ڈال سکتے ہیں، عمارات کو تباہ کرسکتے ہیں، ساحلوں اور ٹیلوں کو بہا لے جاسکتے ہیں، اور سڑکوں اور پلوں کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔

**ہوا**
74 میل فی گھنٹہ یا اس سے زیادہ متواتر تیز ہواؤں والا ہیریکین عمارتوں کو ہموار کر سکتا ہے، درختوں کو اکھاڑ سکتا ہے اور کھلی چیزوں کو جان لیوا ہتھیار بنا سکتا ہے۔

**بارش**
ہیریکین سے ہونے والی بھاری بارشیں تیز رو سیلابوں کا باعث بن سکتی ہیں۔ نشیبی اور ناقص آب نکاسی والے علاقے سیلاب سے خاص طور پر متاثر ہوتے ہیں۔

## طوفان کے درجات

ہیریکین کے جھکڑوں کی برقرار رہنے والی رفتار کے مطابق ہیریکنس کو پانچ زمروں (1 تا 5) میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ہوا کی رفتار اور طوفان کی شدت میں اضافہ کے ساتھ ساتھ، زمرے کے نمبر میں اضافہ ہوتا ہے۔

## ذرائع

تاوقتیکہ بصورت دیگر بیان نہ کیا گیا ہو، 311 پر (ویڈیو ریلے سروس کے لیے 212-639-9675، یا ٹی ٹی وائی کے لیے: 212-504-4115) پر کال کریں، یا شہر کی ایجنسیوں سے رابطہ کے لیے NYC.gov کا استعمال کریں۔

**این وائی سی ایمرجنسی منیجمنٹ**
NYC.gov/emergencymanagement

**اپنے علاقے کے بارے میں جانیں**
NYC.gov/knowyourzone

**نوٹیفائی این وائی سی**
NYC.gov/notifynyc پر جاکر، یا 311 پر رابطہ کرکے، یا ٹوئیٹر پر NotifyNYC@ کی پر پیروی کرکے ہنگامی اطلاعات کے لیے اندراج کروائیں

**قومی سیلاب بیمہ کا پروگرام**
www.floodsmart.gov
1-888-379-9531

**نیشنل ہیریکین سنٹر/ ٹراپیکل پیشن گوئی کا مرکز**
www.nhc.noaa.gov

**قومی موسمی سروس**
www.weather.gov

**فیس بک اور ٹوئیٹر پر این وائی سی ایمرجنسی منیجمنٹ**
www.facebook.com/
NYC emergencymanagement
@nycoem

**معذور لوگوں کے لیے این وائی سی میئر کا دفتر**
NYC.gov/mopd

**فیس بک اور ٹوئیٹر پر سٹی آف نیو یارک**
www.facebook.com/nycgov
@nycgov

**کون ایڈیسن**
1-800-75-CON ED, (800-752-6633),
(TTY : 800-642-2308)
www.coned.com

**PSEG LI**
1-800-490-0025, (TTY : 631-755-6660)
www.psegliny.com

**نیشنل گرڈ**
718-643-4050, (TTY : 718-237-2857)
www.nationalgridus.com

یہ رہنما آڈیو کی شکل میں انگریزی اور ذیل میں مذکور زبانوں میں بھی دستیاب ہے۔

**ARABIC**
للحصول على نسخة من هذا الدليل باللغة الانجليزية اتصل بـ 311 (معوقي السمع: 212-504-4115) أو قم بزيارة NYC.gov/readyny

**BENGALI**
এই সহায়িকার একটি বাংলা প্রতিলিপি পেতে হলে, 311 (TTY: 212-504-4115) নম্বরে ফোন করুন অথবা NYC.gov/readyny দেখুন।

**CHINESE**
如欲索取中文版的指南，請致電311 (TTY: 212-504-4115) 或訪問NYC.gov/readyny。

**ENGLISH**
Call 311 or visit NYC.gov/readyny for copies of this guide in English.

**FRENCH**
Pour obtenir une copie en français de ce guide, appelez le 311 (TTY: 212-504-4115) ou visitez le site NYC.gov/readyny.

**HAITIAN CREOLE**
Pou jwenn yon kopi gid sa a nan lang Kreyòl Ayisyen, rele 311 (TTY: 212-504-4115) oswa ale nan sitwèb NYC.gov/readyny.

**ITALIAN**
Per ottenere una copia di questa guida in italiano, telefonare al numero 311 (TTY: 212-504-4115) o visitare il sito NYC.gov/readyny.

**KOREAN**
본 안내서의 한국어 사본을 받으시려면, 311 (TTY: 212-504-4115)로 전화하시거나 NYC.gov/readyny를 방문하십시오.

**POLISH**
W celu otrzymania polskiej kopii niniejszego przewodnika, należy zadzwonić pod nr 311 (nr dla osób z upośledzeniem słuchu: 212-504-4115) lub zajrzeć na stronę internetową NYC.gov/readyny.

**RUSSIAN**
Для того чтобы получить данную брошюру на русском языке, позвоните по телефону 311 (TTY: 212-504-4115) или посетите веб-сайт NYC.gov/readyny.

**SPANISH**
Llame al 311 (TTY: 212-504-4115) o visite NYC.gov/readyny para obtener acceso a este folleto en español.

**URDU**
اس ہدایت نامے کی انگریزی کاپی حاصل کریں، 311 (TTY: 212-504-4115) پر کال کریں یا NYC.gov/readyny دیکھیں۔

**YIDDISH**
צו ערהאלטן א אידישע קאפיע פון דעם וועגווייזער, רופט 311 (TTY: 212-504-4115) אדער באזוכט NYC.gov/readyny.

# تیار رہیں

### تباہی سے نپٹنے کا منصوبہ تیار کریں

اگر ہیریکین طوفان نیو یارک سے ٹکراتا ہے تو اس آفت سے نپٹنے کے لئے اہل خانہ کے ساتھ مل کر ایک منصوبہ تیار کریں جس میں آپ کے گھر والوں کے لیے ایک خاکہ ہو کہ کیا کرنا ہے، ایک دوسرے کو کس طرح تلاش کرنا ہے، اور کس طرح سے رابطہ کرنا ہے۔ NYC.gov/myemergencyplan پر جاکر "ریڈی نیو یارک: میرا ایمرجنسی پلان" استعمال کریں۔

### اپنے حلقے کو جانیں

شہر کے وہ علاقے جو طوفانی لہر کے سیلاب کی زد میں ہیں، انکو انخلائی میں (1 سے لیکر 6 تک) طوفانی لہر کے سیلاب کی بنیاد پر تقسیم کر دیا گیا ہے۔ ہیریکین کے راستے اور ممکنہ طوفانی موج کی بنیاد پر شہری انتظامیہ انخلا کا حکم دے سکتا ہے۔

ہیریکین کے انخلا کے حلقے معلوم کرنے کے لئے یہ ویب سائٹ دیکھیں NYC.gov/hurricanezones، 311 پر کال کریں (212-639-9675 ویڈیو ریلے سروس کے لیے یا ٹی ٹی وائی: 212-504-4115)، یا اس کتابچے میں دئے گئے نقشے سے یہ دیکھنے کے لئے رجوع کریں کہیں آپ کا پتہ انخلا کے حلقے میں تو نہیں آتا ہے۔ اگر آپ کسی انخلائی علاقے میں رہتے ہیں تو آپ کے علاقے سے انخلاء کا حکم جاری ہونے کی صورت میں ایک پلان تیار رکھیں کہ آپ کہاں جائیں گے۔

### کیا آپ کے پاس صحیح بیمہ ہے

اگر آپ نے کرایہ پر گھر لیا ہے، تو کرائے دار والا انشورنس آپ کے اپارٹمینٹ میں موجود چیزوں کی ضمانت دے گا۔ اگر آپ گھر کے مالک ہیں، تو یقینی بنائیں کہ آپ کا گھر اور اس میں موجود چیزیں مناسب طور پر بیمہ شدہ ہیں۔ سیلاب اور ہوا سے نقصان کی ضمانت مالک مکان کی بنیادی پالیسی میں نہیں آتی۔ نیشنل فلڈ انشورنس پروگرام (National Flood Insurance Program) کے بارے میں مزید معلومات کے لئے www.floodsmart.gov ملاحظہ کریں۔

### معذور یا خصوصی ضرورت والے لوگوں کے لئے

یہ یقینی بنائیں کہ آپ کے پلان میں یہ بات شامل ہو کہ آپ کی ضروریات کس طرح انخلاء، پناہ گزینی، یا ایمرجنسی کارکنان کے ساتھ مواصلت سے متعلق آپ کی صلاحیت کو متاثر کرسکتی ہیں۔ اگر آپ کو اعانت کی ضرورت ہوگی تو اپنے خاندان، دوستوں، یا خدمت فراہم کنندگان سے مدد کا انتظام کریں۔ اگر آپ خود سے نکل آنے کے قابل نہ ہوں تو، مدد کے لیے 311 پر کال کریں۔

اگر آپ زندگی کو برقرار رکھنے والے سامان کے لئے پاور پر انحصار کرتے ہیں، تو انخلا کا منصوبہ بنائیے۔ ہری کین کے بعد آپ پاور سے محروم ہوسکتے ہیں۔ اپنی یوٹیلیٹی کمپنی سے معلوم کریں کہ آیا آپ کے طبی آلات آپ کو ایک زندگی برقرار رکھنے والے آلات کے گاہک کے طور پر درج کیے جانے کا اہل بناتے ہیں یا آپ ترجیحی طور پر بجلی کی بحالی کے پروگرام کے لیے رجسٹر کروانے کے اہل ہیں۔

سفر کے اضافی وقت اور اپنی منتقلی، غذائی، اور طبی ضروریات (آکسیجن، اضافی بیٹریاں/چارجرس، چشمے، دوائی نسخے، وغیرہ) کو دھیان میں رکھیں۔ اپنے ساتھ تمام ادویات لے آئیں اور صحت کی نگہداشت کے فراہم کنندہ کے رابطے کی تحریری معلومات دسترس میں رکھیں۔

ای میل، فون، ایس ایم ایس/ٹیکسٹ یا ٹویٹر کے ذریعے ہنگامی اطلاعات اور اپ ڈیٹس حاصل کرنے کے لئے نوٹیفائی نیویارک کے لئے سائن اپ کیجئے۔ نوٹیفائی این وائی سی پیغامات امریکی اشاراتی زبان (ASL) میں بھی دستیاب ہیں۔ ساتھ ہی، تازہ ترین معلومات کے لیے NYC.gov/emergencymanagement سے بھی یقینی طور پر رابطہ کریں۔

# اپنے حلقے کو جانیں




ہیریکین کے انخلا کے حلقے معلوم کرنے کے لئے اور یہ کہ آپ کس ہیریکین حلقے میں رہتے ہیں یہ ویب سائٹ دیکھیں NYC.gov/hurricanezones ، یا 311 پر کال کریں (ویڈیو ریلے سروس کے لیے 212-639-9675، یا ٹی ٹی وائی کے لیے: 212-504-4115)۔

# اگر طوفان آتا ہے

اگر ہیریکین یا حاری طوفان سے چوکسی کا اعلان جاری ہوا ہو تو:

- کھلی، ہلکی چیزیں جیسے لان فرنیچر اور کوڑے دان وغیرہ گھرکے اندر لے آئیں
- ایسی چیزوں کو زنجیر وغیرہ سے باندھ لیں جو گھر کے اندر رکھنا غیر محفوظ ہوں، جیسے گیس گرل یا پروپین ٹینک۔
- کھڑکیوں اور باہر کے دروازوں کو اچھی طرح سے بند کر دیں۔
- قیمتی اشیاء کو تہ خانے سے اوپری منزلوں میں منتقل کریں۔ (تہ خانوں میں سیلاب کا خطرہ ہوتا ہے۔)
- سیل فون کی بیٹری کو چارج کریں
- اپنی گاڑی اور جینریٹر میں پوری حد تک گیس ڈالیں۔
- اگر آپ انخلائی علاقے میں رہتے ہیں تو اپنی گاڑیوں کو اونچی زمین پر منتقل کرنے پر غور کریں۔
- اپنے فرج اور فریزر کو ٹھنڈی سیٹنگ پر رکھیں۔ اگر بجلی چلی جائے تو جن چیزوں کو ریفریجریشن کی ضرورت ہوتی ہے طویل مدت کے لئے ٹھنڈے رہیں گے۔
- اپنے باتھ ٹب اور دیگر بڑے کنٹینرز کو پانی سے بھر لیں - اگر بجلی چلی جاتی ہے تو آپ کی پانی کی سروس ختم ہوسکتی ہے۔
- نسخے کی دوائیوں کو ریفل کریں۔

دوستوں، رشتہ داروں، اور پڑوسیوں، خاص طور پر عمر رسیدہ افراد اور معذور لوگوں، رسائی اور عملی ضروریات، یا صحت سے متعلق مسائل والے لوگوں کو دیکھ لیں۔ اگر ضرورت ہو تو انہیں تیار ہونے اور وہاں سے نکلنے میں مدد کریں۔



# رسدات جمع کریں

### گو بیگ تیار رکھیں

گھر کے ہر فرد کے لیے ایک گو بیگ تیار ہونا چاہیئے – اٹھانے میں آسان جیسے کندھوں پر ڈالنے والے ایک بیگ میں وہ تمام چیزیں رکھیں جن کی انخلا کے دوران ضرورت پڑ سکتی ہے

گو بیگ کی جانچ فہرست: گو بیگ میں آپ جو چیزیں ڈالتے جائیں ان کی فہرست کے لیے درج ذیل تجاویز پر غور کریں۔ جو چیزیں بشمول طبی آلات اور آپ کی کھانے کی ضروریات آپ فہرست میں جوڑنا چاہتے ہیں ان کے لیے خالی جگہیں فراہم کی گئی ہیں۔

- ☐ ایک واٹر پروف اور سفری کنٹینر میں اپنے اہم دستاویزات کی نقول (انشورنس کارڈز، فوٹو آئی ڈیز وغیرہ۔)
- ☐ کار اور گھر کی چابیوں کا اضافی سیٹ
- ☐ نقد رقم اور کریڈٹ/ اے ٹی ایم کارڈوں کی نقول
- ☐ پانی کی بوتل اور خراب نہ ہونے والی کھانے کی چیزیں جیسے گرینولا بار
- ☐ فلیش لائٹ
- ☐ بیٹری سے چلنے والا ایف ایم/اے ایم ریڈیو
- ☐ اضافی بیٹریاں چارجرز/
- ☐ ادویات کی فہرست جو آپ لیتے ہیں، کیوں لیتے ہیں اور انکی خوراک
- ☐ ابتدائي طبي امداد کا باکس
- ☐ ڈاکٹروں کے نام اور فون نمبر
- ☐ صاف صفائی والے سازوسامان
- ☐ اپنے اہل خانہ سے رابطے کی جگہ اور فون نمبر اور ایک چھوٹا مقامی نقشہ
- ☐ بچے کی دیکھ بھال، پالتو جانوروں کی دیکھ بھال، اور دیگر خاص چیزیں
- ☐ دیگر نجی چیزیں:

### ایمرجنسی سپلائی کٹ تشکیل دیں

ہو سکتا ہے کہ آپ کو ہیریکین کے دوران جہاں ہیں وہیں پر پناہ لینے (گھر میں) کی ضرورت پڑے۔ اپنے گھر میں کم سے کم تین دن گزارہ کرنے کے لیے کافی سامان رکھیں۔ مزید برآں، بنیادی سہولیات جیسے بجلی، پانی، پبلک ٹرانسپورٹ، اور ٹیلی فون کئی دنوں یا اس سے زیادہ کے لئے متاثر ہوسکتے ہیں۔ یقینی بنائیں کہ آپ پاس سروس کی ممکنہ غیر فراہمی کے دوران کے لئے کافی اضافی سامان ہے۔

ایمرجنسی سپلائی کٹ کی جانچ فہرست: آپ جو چیزیں شامل کرتے جائیں ان کے لیے درج ذیل تجویزوں پر غور کریں۔

- ☐ فی فرد فی یوم کے حساب سے پینے کے پانی کا ایک گیلن
- ☐ خراب نہ ہونے والی کھانے کی چیزیں، کھانے کے لیے تیار ڈبہ بند کھانا، اور کین کھولنے والا دستی آلہ
- ☐ ابتدائی طبی امداد کا باکس (فرسٹ ایڈ کٹ)
- ☐ فلیش لائٹ
- ☐ بیٹری سے چلنے والا ایف ایم/اے ایم ریڈیو
- ☐ اضافی بیٹریاں
- ☐ سیٹی
- ☐ آئیوڈین کی گولیاں یا بغیر خوشبو کے ایک کوارٹ بلیچ (فقط پانی کے جراثیم مارنے کے لئے اگر آپ کو ایسا کرنے کے لیے حکام صحت نے ہدایات دی ہوں) اور آنکھوں میں دوا ڈالنے کا ایک ڈراپر (پانی میں بلیچ ڈالنے کے لیے)
- ☐ دیگر چیزیں:

# اگر آپ کا انخلا لازمی ہو

### اگر شہر کی طرف سے آپ کے علاقے کے لیے انخلا کا حکم دیا ہے، تو ہدایات کے مطابق انخلا کریں

شہر مقامی میڈیا کے ذریعہ اس بارے میں خصوصی ہدایات جاری کرے گا کہ شہر کے کن علاقوں کو خالی کرنا ہے۔ اگر ایک لازمی انخلاء جاری کیاجاتا ہے تو، حسب ہدایت ایسا کریں۔ اگر ممکن ہو تو عوامی نقل و حمل کا استعمال کریں، اس بات کو ذہن میں رکھیں کہ طوفان سے گھنٹوں قبل عوامی نقل و حمل بند ہوسکتے ہیں۔ انخلاء کی کارروائی کیسے کریں، بشمول نقل و حمل کے اختیارات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے براہ کرم 311 (ویڈیو ریلے سروس کے لیے 212-639-9675، یا ٹی ٹی وائی کے لیے: 212-504-4115) پر رابطہ کریں۔

### آپ کو کہاں جانا ہے کے بارے میں جانیں

شہری انتظامیہ انخلا کرنے والوں کو سختی سے اپنے دوستوں یا رشتہ داروں کے ساتھ رہنے کی تجویز دیتا ہے جو انخلا کے علاقے سے باہر رہتے ہیں۔ ان کے لیے جن کی کوئی پناہ نہیں، شہری انتظامیہ ہیریکین سے پناہ کے مراکز پانچوں قصبوں میں کھول دے گا۔

اگر آپ کسی پناہ گاہ میں جا رہے ہیں، تو ہلکا پھلکا سامان باندھیں، اور لائیں:

- اپنا گو بیگ
- سونے کا بستر یا بستر بند
- کسی بھی دوا کی (اگر ممکن ہو) کم از کم ایک ہفتے کی خوراک، طبی سامان، یا طبی آلات جن کا آپ باقاعدگی سے استعمال کرتے ہیں۔
- نجی استعمال کی چیزیں، صابن وغیرہ

شہری پناہوں میں قابل رسائی سہولتیں اور خصوصی ضروریات والے لوگوں کے لیے جگہ شامل ہے۔ کسی خاص سہولت کی معذور اشخاص کے لئے رسائی کی خصوصیات کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لئے NYC.gov/hurricanezones پر سمندری طوفان کے انخلا والے علاقوں کے فائنڈر کو دیکھیں یا 311 پر کال کریں۔ تمام پناہ لینے والوں کو قبول کیا جائے گا اور ان سے نیویارک کی کسی بھی پناہ گاہ میں انکی ایمیگریشن حیثیت کے بارے میں نہیں پوچھا جائے گا۔

### اگرآپ کے پاس پالتو جانور ہیں

اگر ہیریکین کی وجہ سے آپ کو اپنا گھر چھوڑنا پڑے تو یقینی بنائیں کہ منصوبہ برائے آفت میں یہ طے ہو کہ آپ اپنے پالتو جانور کے ساتھ کیا کریں گے۔

اگر انخلا کی حدود سے باہر کے علاقے میں آپ اپنے پالتو کو سگ خانہ میں یا دوستوں کے ساتھ یا رشتہ داروں کے ساتھ پناہ نہیں دے سکتے تو شہر کی سبھی پناہ گاہوں پر پالتو جانوروں کی اجازت ہے۔ برائے مہربانی اپنے پالتو یا خدمت والے جانور کے لیے رسد ہمراہ لائیں جس میں خوراک، رسی، پنجرہ اور دوائیاں شامل ہو۔

### اگر آپ بیسمینٹ میں رہتے ہیں

بیسمینٹ اپارٹمینٹ والی عمارتوں میں رہنے والے لوگوں کو ہیریکین سے اضافی خطرات ہو سکتے ہیں چاہے وہ انخلا کی حدود سے باہر بھی ہوں۔ شہر کے بہت سے علاقے بارشی سیلاب سے گزر سکتے ہیں۔ اگر آپ بیسمینٹ اپارٹمینٹ میں رہتے ہیں تو بالائی سطح پر پناہ لینے کے لیے تیار رہیں۔

### اگر آپ ایک اونچی عمارت میں رہتے ہیں

اگر آپ ایک اونچی عمارت میں رہتے ہیں، خاص طور پر 10ویں فلور یا اس سے اوپر تو کھڑکیوں کے ٹوٹنے یا لرزنے کے صورت میں ان سے دور رہیں۔ یا کسی نچلے فلور پر منتقل ہو جائیں۔ اپنی عمارت کے انخلائی منصوبے سے آگاہ رہیں۔

# اگر آپ کو انخلا کے لئے حکم نہیں دیا گیا ہے

### بجلی کے جانے کے لئے تیار رہیں

بجلی جانے یا دیگر بنیادی سہولیات سے محروم ہونے کی حالت میں یقینی بنایں کہ آپ کے ایمرجنسی سپلائی کٹ میں تجویز کردہ تمام اشیاء موجود ہیں۔

اگر آپ کو بجلی جانے ، بنیادی خدمات، اور پبلک ٹرانسپورٹ کی محرومی سے متاثر ہونے کی فکر ہے، تو انخلا پر غور کریں۔

### جہاں ہیں وہیں پناہ لیں

اگر آپ کو انخلا کی ضرورت نہ پڑے، تو جہاں ہیں وہیں پناہ لیناور اپنی ایمرجنسی سپلائی کٹ کو استعمال میں لائیں۔ ٹوٹنے یا لرزنے کے صورت میں کھڑکیوں سے دور رہیں اور ہیریکین کے خطرات سے بچنے کے لئے باہر نہ جائیں۔

# نیو یارک شہر کے ہیریکین سے انخلا کے حلقے

## اپنے حلقے کو جانیں *

1. تعین کر لیں کہ کہیں آپ ہیریکین سے انخلا کے حلقے میں تو نہیں رہتے ہیں۔ ہری کین سے انخلا والے علاقوں کو جاننے کے لئے www.NYC.gov/hurricanezones ویب سائٹ کو دیکھیں، 311 کو کال کریں (ویڈیو ریلے سروس کے لیے 212-639-9675، یا ٹی ٹی وائی کے لیے: 212-504-4115) یا اس نقشے سے راہنمائی حاصل کریں۔ اگر آپ کا پتہ شہر کے ہیریکین والے حلقوں میں ہے تو ہو سکتا ہے کہ نیو یارک شہر کو ہیریکین سے خطرے کی صورت میں آپ کو انخلا کی ضرورت پڑے۔
2. انخلا کرنے والوں کو اپنے دوستوں یا رشتہ داروں کے ساتھ رہنے کے لئے تیار رہنا چاہئیے جو انخلا کے علاقے سے باہر رہتے ہیں۔
3. اگر آپ اپنے دوستوں یا گھر والوں کے ساتھ نہیں رہ سکتے، تو یہ جاننے کے لئے کہ کونسا انخلا کا سنٹر آپکے لئے سہی ہے، فائنڈر کو استعمال کریں، 311 (ویڈیو ریلے سروس کے لیے 212-639-9675، یا ٹی ٹی وائی کے لیے: 212-504-4115) پر کال کریں، یا پھر اس نقشے کا استعمال کریں۔

* انخلا کی معلومات بدل سکتی ہیں۔ تازہ ترین معلومات کے لیے NYC.gov پر جائیں یا 311 (ٹی ٹی وائے: 212-504-4115) پر کال کریں۔ MTA کی ویب سائٹ www.mta.info پر جائیں یا 511 پر ٹرانزٹ کی تازہ ترین معلومات کے لئے کال کریں۔ اگر آپ کو ایمرجنسی کے دروان انخلا میں مدد کی ضرورت ہو تو 311 کو کال کریں۔

## ہیریکین سے انخلا والے حلقے**

جب ایک ساحلی طوفان آ رہا ہو، سٹی حلقہ 1 سے شروع کرکے اور پیشن گوئی کی شدت کے مطابق مزید حلقوں کے لئے سیلاب کے خطرے میں آنے والے علاقوں سے انخلا کا حکم دے سکتی ہے۔ ہیریکین کی طوفانی موج کی شدت، قوت اور راستے کی بنیاد پر حلقے انخلا کئے جائیں گے۔

| حلقہ 1 | حلقہ 2 | حلقہ 3 | حلقہ 4 | حلقہ 5 | حلقہ 6 |
|---|---|---|---|---|---|

● قابل رسائی انخلائی مراکز

انخلائی مراکز

** انخلائی مراکز کے بارے میں معلومات، بشمول رسائی کی خصوصیات میں تبدیلی ہوسکتی ہے۔ عمارتوں کی صورتحال اور رسائی کی خصوصیات کے لیے براہ کرم NYC.gov/hurricanezones ملاحظہ کریں یا 311 پر رابطہ کریں۔

## این وائے سی انخلائی مراکز

### برونکس

| | | |
|---|---|---|
| **PS 102**<br>1827 ARCHER ST. | **IS 201**<br>730 BRYANT AVE. | **BX COMM COLLEGE**<br>80 W. 181ST ST. |
| **PS 211**<br>1919 PROSPECT AVE. | **LEHMAN COLLEGE**<br>250 BEDFORD PARK BLVD. W | **EVANDER CHILDS HS**<br>800 E. GUN HILL RD. |
| **PS 306**<br>40 W. TREMONT AVE. | **MS-HS 141**<br>660 W. 237TH ST. | **HS OF LAW, GOV'T AND JUSTICE**<br>244 EAST 163RD ST. |
| **PS / IS 218**<br>1220 GERARD AVE. | **PS 5**<br>564 JACKSON AVE. | **IS 98**<br>1619 BOSTON RD. |

### مینہٹن

| | | |
|---|---|---|
| **JOHN JAY COLLEGE**<br>445 W. 59TH ST. | **HS OF GRAPHIC COMM**<br>439 W. 49TH ST. | **BARUCH COLLEGE**<br>155 E. 24TH ST. |
| **JULIA RICHMOND ED. COMPLEX**<br>317 EAST 67TH ST. | **HUNTER COLLEGE**<br>695 PARK AVE. | **LOUIS D. BRANDEIS HS**<br>145 W. 84TH ST. |
| **SEWARD PARK HS**<br>350 GRAND ST. | **IS 88**<br>215 W. 114TH ST. | **BREAD AND ROSES HS**<br>6 EDGECOMBE AVE. |
| | **IS 90**<br>21 JUMEL PLACE | **CITY COLLEGE**<br>181 CONVENT AVE. |
| | **IS 118**<br>154 W. 93RD ST. | **G. WASHINGTON HS**<br>549 AUDUBON AVE. |

### کوئینز

| | | |
|---|---|---|
| **TOWNSEND HARRIS HS**<br>149-11 MELBOURNE AVE. | **GROVER CLEVELAND HS**<br>21-27 HIMROD ST. | **JOHN ADAMS HS**<br>101-01 ROCKAWAY BLVD. |
| **QUEENSBOROUGH COMMUNITY COLLEGE**<br>222-05 56TH AVE. | **HILLCREST HS**<br>160-05 HIGHLAND AVE. | **AVIATION HS**<br>45-30 36TH ST. |
| **WILLIAM C. BRYANT HS**<br>48-10 31ST AVE. | **JHS 185**<br>147-26 25TH DR. | **BAYSIDE HS**<br>32-24 CORP. KENNEDY ST. |
| **PS / IS 268**<br>92-07 175th Street | **NEWCOMERS HS**<br>28-01 41ST AVE. | **BELMONT RACETRACK**<br>2150 HEMPSTEAD TPKE. |
| | **NEWTOWN HS**<br>48-01 90TH ST. | **FLUSHING HS**<br>35-01 UNION ST. |
| | **PS 19**<br>98-02 ROOSEVELT AVE. | **FOREST HILLS HS**<br>67-01 110TH ST. |

### بروکلین

| | | |
|---|---|---|
| **JOHN JAY HS**<br>237 7TH AVE. | **PS 24**<br>427 38TH STREET. | **BOYS & GIRLS HS**<br>1700 FULTON ST. |
| **NYC TECHNICAL COLLEGE**<br>300 JAY ST. | **IS 187**<br>1171 65TH ST. | **BROOKLYN TECH HS**<br>29 FORT GREENE PLACE |
| **PS 189**<br>1100 E. NEW YORK AVE. | **IS 246**<br>72 VERONICA PLACE | **BUSHWICK HS**<br>400 IRVING AVE. |
| **PS 249**<br>18 MARLBOROUGH RD. | **IS 271**<br>1137 HERKIMER ST. | **CLARA BARTON HS**<br>901 CLASSON AVE. |
| **PS 327**<br>111 BRISTOL ST. | **IS 383**<br>1300 GREENE AVE. | **FRANKLIN K. LANE HS**<br>999 JAMAICA AVE. |
| **ROOSEVELT HS**<br>5800 20TH AVE. | **JHS 57**<br>125 STUYVESANT AVE. | **IS 117**<br>300 WILLOUGHBY AVE. |

### اسٹیٹن آئلینڈ

| | | |
|---|---|---|
| **PS 58**<br>77 MARSH AVE.. | **IS 75**<br>455 HUGUENOT AVE. | **CURTIS HS**<br>105 HAMILTON AVE. |
| | **PETRIDES COMPLEX**<br>715 OCEAN TERRACE | **IS 51**<br>20 HOUSTON ST. |

**NYC.GOV/HURRICANEZONES** ملاحظہ کریں یا **311** پر کال کریں یہ جاننے کے لیے کہ آیا آپ ہری کین کے انخلا والے حلقے میں رہتے ہیں۔

